# سمٹ بینک لمیٹڈ کے شیئر ہولڈرز کے سترھویں سالانہ اجلاسِ عام کی اطلاع

بذریعہ ہذا اطلاع دی جاتی ہے کہ سمٹ بینک لمیٹڈ ("بینک") کے شیئر ہولڈرز ("شیئر ہولڈرز") کے سترھویں سالانہ اجلاسِ عام کا انعقاد بروز جمعرات، مؤرخہ 30 مارچ 2023ء کو دوپہر 12:00 بجے سیرینا ہوٹل، اسلام آباد میں کیا جائے گا، جس میں درج ذیل امور پر بات چیت کی جائے گی:

**لائحہ عمل**

**عمومی امور:**

1. 16 جنوری 2023ء کو منعقد کیے گئے بینک کے التواء شدہ غیر معمولی سالانہ اجلاسِ عام کی تفصیلات کی توثیق کرنا۔
2. مؤرخہ 31 دسمبر 2022ء کو اختتام پذیر ہونے والے مالی سال کے لیے بینک کے آڈٹ شدہ مالیاتی گوشواروں کے ساتھ ڈائریکٹرز اور آڈیٹرز کی رپورٹس کی وصولی، غور و خوض اور منظوری کرنا۔
3. میسرز یوسف عادل چارٹرڈ اکاؤنٹنٹس کی 31 دسمبر 2023ء کو ختم ہونے والے مالی سال کے لیے بینک کے نئے بیرونی آڈیٹرز کے طور پر تقرری اور ان کے مشاہرے کا تعین کرنا۔

(موجودہ آڈیٹرز میسرز بیکر تلی محمود ادریس قمر، چارٹرڈ اکاؤنٹنٹس بینک کے لیے آڈٹ کی خدمات کے ضمن میں اپنی پانچ سالہ مدت مکمل کر چکے ہیں اور وہ فہرستی کمپنیوں (کارپوریٹ نظم و نسق کا ضابطہ) کے ضوابط، 2019ء، جیسا کہ پاکستان میں بینکوں پر ان کا اطلاق ہوتا ہے، کے تقاضوں کے مطابق دوبارہ تقرری کے اہل نہیں ہیں)۔

**دیگر امور:**

4. صدر نشین کی اجازت سے کسی دیگر امور کی انجام دہی۔

**بحکم بورڈ**

بمقام: کراچی — **سید محمد طالب رضا**

تاریخ: 09 مارچ 2023ء — **کمپنی سیکریٹری**

**نوٹس:**

1. بینک کے شیئرز کے ٹرانسفر کے کھاتے مؤرخہ 23 مارچ 2023ء تا 30 مارچ 2023ء (بشمول دونوں ایام) تک بند رہیں گے۔ سالانہ اجلاسِ عام میں شرکت کے مقصد سے 22 مارچ 2023ء کے یومِ کار کے اختتام سے قبل جو ٹرانسفرز ہمارے شیئر رجسٹرار آفس، میسرز ٹی ایچ کے ایسوسی ایٹس (پرائیویٹ) لمیٹڈ، C-32، جامی کمرشل اسٹریٹ نمبر II، ڈی ایچ اے، فیز VII، کراچی پر موصول ہوں گے انھیں اجلاس میں شرکت کے لیے بروقت تصور کیا جائے گا۔
2. اس اجلاس میں شرکت کرنے اور ووٹ دینے کا حق دار رکن دوسرے رکن کو اپنی طرف سے شرکت کرنے، بولنے اور ووٹ دینے کے لیے اپنا پراکسی مقرر کر سکتا ہے۔ کوئی کارپوریشن ایک رکن ہونے کے ناتے اپنے کسی اہلکار یا کسی دوسرے شخص کو اپنا پراکسی مقرر کر سکتی ہے خواہ وہ بینک کا رکن ہو یا کوئی اور۔
3. پراکسی کا کوئی آلہ اور مختار نامہ یا دیگر اتھارٹی (اگر کوئی ہے) جس کے تحت اس پر دستخط کیے گئے ہیں یا نوٹرائزڈ ہیں، ایسے مختار نامہ کی مجاز نقل بینک کے شیئر رجسٹرار، میسرز ٹی ایچ کے ایسوسی ایٹس (پرائیویٹ) لمیٹڈ کے پاس اجلاس کے وقت سے کم از کم 48 گھنٹے پہلے جمع ہو جانا چاہیے۔
4. وہ شیئر ہولڈرز جن کے شیئرز سینٹرل ڈیپازٹری کمپنی آف پاکستان لمیٹڈ ("CDC") میں جمع ہیں ان سے درخواست ہے کہ وہ سالانہ اجلاسِ عام کے موقع پر شناخت میں مدد کے لیے اپنا اصل شناختی کارڈ مع شرکت کا شناختی نمبر (participant ID number) اور سی ڈی سی میں اپنے اکاؤنٹ/ ذیلی اکاؤنٹ نمبرز ساتھ لے کر آئیں۔ پراکسی کی صورت میں، پراکسی فارم کے ساتھ پراکسی کے کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ یا پاسپورٹ کی مصدقہ نقل، اکاؤنٹ اور شرکت کا شناختی نمبر ہمارے شیئر رجسٹرار کے پاس جمع کرنا ضروری ہے۔ کارپوریٹ ارکان کے لیے پراکسی کی صورت میں، بورڈ آف ڈائریکٹرز کا ریزولیوشن/ مختار نامہ جس میں نامزد شخص کے دستخط کے نمونے ہوں گے، اجلاس کے وقت پیش کیے جائیں گے (بشرطیکہ یہ شیئر رجسٹرار کو پہلے فراہم نہ کیے گئے ہوں)۔
5. شیئر ہولڈرز کی پرچی (فزیکل اسکرپ) کے حامل شیئرز ہولڈرز سے درخواست ہے کہ وہ اپنے پوسٹل ایڈریس اور/ یا ای میل ایڈریس میں اگر کوئی تبدیلی ہو تو فوری طور پر ہمارے شیئر رجسٹرار کو تحریری طور پر مطلع کریں، جبکہ سی ڈی سی اکاؤنٹ ہولڈرز سے التماس ہے کہ وہ اپنی سی ڈی سی شراکتی/ سی ڈی سی اکاؤنٹ سروسز سے رابطہ کریں۔
6. سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان ("SECP") کی ہدایات کے مطابق، تمام شیئر ہولڈرز کے لیے لازم ہے کہ وہ اپنا درست کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ ("CNIC") نمبر کا بینک میں اندراج کریں۔ جن ارکان نے ابھی تک اپنے کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈز کی نقول رجسٹرار کو جمع نہیں کرائی ہیں ان سے ایک بار پھر درخواست کی جاتی ہے کہ وہ اپنے کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈز (CNIC) کی ایک مجاز مصدقہ نقل جمع کرائیں۔

اجلاس میں حاضری کے لیے:

i. افراد کی صورت میں، اکاؤنٹ ہولڈرز یا ذیلی اکاؤنٹ ہولڈر اور/ یا وہ شخص جس کی سیکیورٹیز گروپ اکاؤنٹ میں ہیں اور ان کی رجسٹریشن کی تفصیلات ضوابط کے مطابق اپ لوڈ کی گئی ہیں، اجلاس میں شرکت کے وقت اپنا اصل کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ یا اصل پاسپورٹ دکھا کر اپنی شناخت کی تصدیق کرائے گا۔

ii. کارپوریٹ ادارے کی صورت میں، بورڈ آف ڈائریکٹرز کا ریزولیوشن/ مختار نامہ جس میں نامزد شخص کے دستخط موجود ہوں گے اجلاس کے وقت پیش کیا جائے گا (اگر پہلے فراہم نہ کیا گیا ہو)۔

پراکسیز کی تقرری کے لیے:

i. افراد کی صورت میں، اکاؤنٹ ہولڈرز یا ذیلی اکاؤنٹ ہولڈر اور/ یا وہ شخص جس کی سیکیورٹیز گروپ اکاؤنٹ میں ہیں اور ان کی رجسٹریشن کی تفصیلات سی ڈی سی ضوابط کے مطابق اپ لوڈ کی جاتی ہیں، درج بالا تقاضے کے مطابق پراکسی فارم جمع کروائیں گے۔

ii. پراکسی فارم پر دو افراد کی گواہی شامل کی جائے گی جن کے نام، پتے اور کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ نمبر فارم پر درج ہوں گے۔

iii. پراکسی فارم کے ساتھ استفادہ کنندہ (beneficial owners) اور پراکسی کے کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ کی مصدقہ نقل یا پاسپورٹ پیش کیا جائے گا۔

iv. پراکسی اجلاس کے وقت اپنا اصل کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ یا پاسپورٹ پیش کرے گا۔

v. کارپوریٹ ادارے کی صورت میں، بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد/ مختار نامہ دستخط کے نمونے کے ساتھ بینک کے پراکسی فارم کے ساتھ جمع کرائی جائے گی۔

7. سالانہ اجلاسِ عام کے نوٹس کے ساتھ اراکین کو ایک پراکسی فارم، انگریزی اور اردو دونوں زبانوں میں الگ الگ، بھیجا جا رہا ہے۔
8. ایس ای سی پی سرکلر نمبر 10 برائے 2014ء بتاریخ 21 مئی 2014ء (سرکلر) کے مطابق، بینک کے ادا شدہ سرمائے میں 10 فیصد یا اس سے زیادہ شیئر ہولڈنگ رکھنے والے ایک شہر میں مقیم اراکین، بینک سے مطالبہ کر سکتے ہیں کہ وہ سالانہ اجلاسِ عام میں شرکت کے لیے انھیں وڈیو لنک کی سہولت فراہم کرے۔

وڈیو کانفرنس کی سہولت حاصل کرنے کا تقاضا اور طریقہ کار جیسا کہ سرکلر میں بیان کیا گیا ہے، اس کی تفصیل درج ذیل ہے:

ارکان مندرجہ ذیل فارمیٹ کے مطابق اپنی رضامندی فراہم کریں اور سالانہ اجلاسِ عام کے انعقاد سے 10 دن پہلے بینک کے رجسٹرڈ ایڈریس پر جمع کرائیں۔

**رضامندی فارم برائے وڈیو کانفرنس سہولت**

میں/ ہم ________ رہائشی ________ سمٹ بینک لمیٹڈ کے رکن ہیں اور ہمارے پاس ________ آرڈنری شیئرز بمطابق رجسٹرڈ فولیو/ سی ڈی سی اکاؤنٹ نمبر ________ ہیں۔ بذریعہ ہذا ہم ________ (جغرافیائی مقام) پر وڈیو کانفرنس سہولت کا انتخاب کرتے ہیں۔

9. کمپنیز ایکٹ کے سیکشن 72 کے مطابق، جیسا کہ مذکور ہے کہ اس ایکٹ کے آغاز کی تاریخ یعنی 30 مئی 2017ء سے چار سال سے کم مدت کے اندر اندر ہر موجودہ فہرستی کمپنی کے لیے ضروری ہے کہ وہ اپنے فزیکل شیئرز کو بک انٹری فارم میں منتقل کروالیں۔

فزیکل شیئر ہولڈنگ کے حامل شیئر ہولڈرز کی حوصلہ افزائی کی جاتی ہے کہ وہ کسی بھی بروکر کے ساتھ سی ڈی سی ذیلی اکاؤنٹ کھولیں یا سی ڈی سی کے ساتھ براہ راست سرمایہ کاری اکاؤنٹ کھولیں تاکہ وہ اپنے فزیکل شیئرز کو اسکرپ لیس (scrip less) شکل میں رکھیں، یہ انھیں محفوظ تحویل اور شیئرز کی، جب بھی وہ چاہیں، فروخت سمیت کئی طریقوں سے سہولت فراہم کرے گا کیونکہ پاکستان اسٹاک ایکسچینج کے موجودہ ضوابط کے مطابق فزیکل شیئرز کی تجارت کی اجازت نہیں ہے۔

10. وہ شیئر ہولڈرز جو اپنے منافع منقسمہ/ فزیکل شیئرز کو وصول نہیں کر سکے انھیں ہدایت کی جاتی ہے کہ وہ ہمارے شیئر رجسٹرار سے رابطہ کریں تاکہ وہ اپنے غیر دعویٰ شدہ منافع منقسمہ یا شیئرز، اگر کوئی ہیں، کے بارے میں معلوم کر سکیں۔ کمپنیز ایکٹ 2017ء کے سیکشن 244 کی تعمیل میں مقررہ طریقہ کار کو مکمل کرنے کے بعد، مقررہ تاریخ سے تین (3) سال یا اس سے زیادہ کی مدت کے لیے بقایا تمام منافع منقسمہ وفاقی حکومت کے کریڈٹ میں جمع کروا دیے جائیں گے اور شیئرز کی صورت میں، ایس ای سی پی کو منتقل کر دیے جائیں گے۔
11. سالانہ اجلاسِ عام کے نوٹس کی نقول اور بینک کے تازہ ترین سالانہ آڈٹ شدہ/ سہ ماہی مالی گوشواروں کو بینک کے رجسٹرڈ دفتر میں رکھا گیا ہے، جنھیں ارکان اور دیگر افراد جو اجلاس میں شرکت کے حق دار ہیں، اشاعت کی تاریخ سے لے کر سالانہ اجلاسِ عام کے اختتام تک کسی بھی یومِ کار پر کاروباری اوقات کے دوران حاصل اور/ یا معائنہ کر سکتے ہیں۔ سالانہ اجلاسِ عام کی اطلاع اور تازہ ترین سالانہ آڈٹ شدہ/ سہ ماہی مالی گوشواروں کو بینک کی ویب سائٹ: www.summitbank.com.pk پر بھی اپ لوڈ کر دیا گیا ہے۔
12. سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان (ایس ای سی پی) نے اپنے سرکلر ایس آر او 470(1)/2016ء بتاریخ 31 مئی 2016ء کے ذریعے کمپنیوں کو اجازت دی ہے کہ وہ اپنے ارکان کو اپنے سالانہ آڈٹ شدہ مالی گوشواروں کو بذریعہ سی ڈی/ ڈی وی ڈی/ یو ایس بی یا کسی اور برقی ذریعے سے ان کے رجسٹرڈ پتے پر بھیج سکتی ہیں۔

تاہم، وہ شیئر ہولڈرز جو سالانہ آڈٹ شدہ مالی گوشواروں کی ہارڈ کاپی حاصل کرنا چاہتے ہیں انھیں بینک کی ویب سائٹ پر دستیاب 'معیاری درخواست فارم' کو پُر کرنا ہوگا اور دیے گئے پتے پر ہمیں بھیجنا ہوگا۔

13. کمپنیز (پوسٹل بیلٹ) ضوابط، 2018ء کے مطابق، لائحہ عمل کے کسی دوسرے جز، جو کمپنیز ایکٹ، 2017ء کے سیکشن 143 اور 144 کے تقاضوں سے مشروط ہے، کے لیے ارکان، جو دسویں حصے سے زائد کی رائے شماری کے اختیارات (ووٹنگ پاور) کے حامل ہوں، ذاتی طور پر، وڈیو لنک کے ذریعے یا پراکسی کے ذریعے، رائے شماری (پول) کا مطالبہ کر سکتے ہیں اور مذکورہ بالا ضوابط میں موجود تقاضوں اور طریقہ کار کے مطابق پوسٹل بیلٹ، یعنی بذریعہ ڈاک یا کسی بھی برقی ذرائع (الیکٹرانک موڈ) کے ذریعے، اپنے حق رائے دہی (ووٹ) کا استعمال کر سکتے ہیں۔

**ڈائریکٹرز کی دلچسپی**

بینک کے ڈائریکٹرز کو خصوصی قرارداد میں کوئی براہ راست یا بالواسطہ دلچسپی نہیں ہے، جس کا ظاہر کیا جانا ضروری ہو۔

**دستاویزات کا معائنہ**

بینک کے میمورنڈم اور آرٹیکلز آف ایسوسی ایشن اور گذشتہ غیر معمولی اجلاسِ عام کی تفصیلات کی نقول کا معائنہ/ مفت وصولی اس نوٹس کے ہمراہ تاریخِ اشاعت سے بینک کے سالانہ اجلاسِ عام کے اختتام تک بینک کے رجسٹرڈ آفس/ ہیڈ آفس سے کسی بھی یومِ کار پر کاروباری اوقات کے دوران ممکن ہے۔

Summit Bank

Committed to you